ٹھہریں اور غور کریں

اس ریفرنڈم میں
ماخذ چیک کریں

ریفرنڈم کے دوران شاید ایسی معلومات آپ تک پہنچیں جن کے حق میں کوئی شواہد نہ ہوں، جن کا سیاق و سباق غائب ہو بلکہ جنہیں جان بوجھ کر گمراہ کن بنایا گیا ہو۔ اپنی معلومات درست رکھنے کی خاطر آپ کو چاہیے کہ معلومات استعمال کرتے ہوئے آپ ان پر تنقیدی غور کریں اور سوچیں کہ آیا یہ معلومات درست اور سچ پر مبنی ہیں۔

غلط معلومات پھیلانے کے ہتھکنڈے

غلط معلومات پھیلانے کا مطلب یہ ہے کہ جان بوجھ کر عوامی رائے کو گمراہ اور متاثر کرنے کے لیے غلط معلومات دی جائیں، اور غلط معلومات خود بخود نہیں پھیلتیں۔ غلط معلومات پھیلانے کی کوشش کرنے والے لوگ جان بوجھ کر آپ کو گمراہ کرنے کی کوشش میں مندرجہ ذیل ہتھکنڈے استعمال کر سکتے ہیں:

سوالات پوچھنے کا بہانہ

ممکن ہے لوگ جان بوجھ کر ایسے سوالات پوچھیں جن کا مقصد کسی چیز کے متعلق بے بنیاد شک پیدا کرنا ہو۔ اگرچہ پوچھے جانے والے اکثر سوالات جائز ہوتے ہیں، ایسے سوالات سے خبردار رہیں جو بدنیتی سے پوچھے جاتے ہیں یا جو ناممکن قسم کی صورتحال کے متعلق ہوں۔ ذرا ٹھہریں اور غور کریں کہ یہ سوال کیوں پوچھا جا رہا ہے۔

جذباتی زبان

غصے یا خوف جیسے منفی جذبات جگانے والی سخت زبان سے اس بات کا امکان بڑھتا ہے کہ کوئی بیان وائرل ہو جائے گا۔ اگر آپ کوئی ایسی چیز دیکھیں جس سے آپ میں شدید جذباتی اثر پیدا ہو تو ٹھہریں اور غور کریں کہ ایسا کیوں ہوا۔

چن کر الگ کی گئی معلومات

اسے Cherry-picking کہتے ہیں کہ معلومات کو ان کے سیاق و سباق سے الگ کر کے پیش کیا جائے جیسے سکرین شاٹس یا اعدادو شمار کو اصل ماخذ کے حوالے کے بغیر پیش کیا جائے۔

بحیثیت ووٹر آپ کا کردار

ریفرنڈم کے قوانین کمیونیکیشن یا اشتہار بازی میں سچائی کی پابندی نہیں لگاتے۔ یہ غور کرنے کے لیے وقت لیں کہ کیا یہ معلومات:

قابل اعتبار ہیں

کیا یہ معلومات کسی معتبر یا پہچانے جا سکنے والے ماخذ سے آئی ہیں؟

کیا آپ کو معلومات کے ماخذ کا علم ہے؟ کیا یہ کسی سندیافتہ میڈیا آؤٹ لیٹ یا آفیشل سوشل میڈیا اکاؤنٹ سے آئی ہیں؟ اگر آپ کو یقین سے معلوم نہ ہو تو چیک کریں کہ کیا یہ اکاؤنٹ حال ہی میں بنایا گیا ہے یا آیا اس پر دوسری پوسٹس بھی موجود ہیں۔

تازہ معلومات

یہ معلومات کب شائع ہوئی تھیں؟

آج کسی پوسٹ یا آرٹیکل کے شیئر ہونے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ یہ تازہ معلومات ہیں۔ ہمیشہ اصل ماخذ اور اشاعت کی تاریخ چیک کریں۔ ایسی پرانی پوسٹس یا آرٹیکلز شیئر کیے جا سکتے ہیں جو اب درست نہ ہوں جبکہ تاثر یہ دیا جا رہا ہو کہ یہ نئی معلومات ہیں۔

AEC کا کردار

AEC ایک خودمختار ادارہ ہے جس کا کام ریفرنڈم کروانا ہے۔ AEC کا کردار یہ ہے:

ریفرنڈم کے عمل کے متعلق معتبر معلومات فراہم کرنا

AEC اپنی اشتہاری مہم، ویب سائیٹ، کانٹیکٹ سنٹر اور سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے ذریعے بطور ووٹر اندراج اور ووٹ دینے کے بارے میں معلومات لینا آسان بنائے گا۔ اگر اس سلسلے میں کوئی غلط معلومات موجود ہوں تو AEC ریکارڈ کی درستگی کے لیے قدم اٹھائے گا۔ ان کاموں سے ہٹ کر - AEC کا یہ کردار بالکل نہیں ہے کہ ریفرنڈم کے متعلق کمیونیکیشن کی سچائی چیک کرے۔

ریفرنڈم کے متعلق کمیونیکیشنز کی آتھرائزیشن کی چھان بین کرنا

ریفرنڈم کے متعلق بعض کمیونیکیشنز کے لیے آتھرائزیشن ضروری ہے تاکہ آپ کو ان معلومات کا ماخذ معلوم ہو سکے۔

Yes اور No مہموں کا مواد

اگرچہ AEC ریفرنڈم کا پمفلٹ جاری کرنے کے لیے ذمہ دار ہے جس میں آفیشل Yes اور No مہموں کی طرف سے معلومات شامل ہوں گی، AEC کا کام یہ نہیں ہے کہ ان کمیونیکیشنز میں سچائی کو کنٹرول کرے۔

AEC Australian Electoral Commission

aec.gov.au/translated 1300 720 153

AEC23/1804

الیکٹورل کمیشنر کی اجازت سے، کینبرا

Authorised by the Electoral Commissioner, Canberra